**03.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. شبانہ رحمان

**Music**

☆ لوک سبھا میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر کارروائی شروع ہوگئی ہے۔ اپوزیشن کے ارکان پارلیمنٹ نے مہاکمبھ واقعہ پر بحث کا مطالبہ کرتے ہوئے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں شور وغل کیا۔

☆ دلی اسمبلی انتخابات کے لیے انتخابی مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے ووٹنگ کے دن دلی اسمبلی چناؤ سے متعلق ایگزٹ پول پر پابندی عائد کردی ہے۔

☆ خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اسرو نے کہا ہے کہ نیوی گیشن سیارچے NVS 02 میں تکنیکی خرابی آ گئی ہے۔ سیارچے کو مدار میں پہنچانے کیلئے کارروائی کی جارہی ہے۔

☆ بھارت نژاد امریکی گلوکارہ چندریکا ٹنڈن نے البم تریوینی کیلئے گریمی ایوارڈ جیتا ہے۔

☆ اور 38 ویں قومی کھیلوں میں کرناٹک کے 15 سالہ Jonathan Gavin Antony نے مردوں کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**LS-MOTION OF THANKS**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے صدر جمہوریہ کے خطاب پر لوک سبھا میں شکریہ کی تحریک جاری ہے۔ تحریک پیش کرتے ہوئے BJP کے رام ویر سنگھ بدھوڑی نے نریندر مودی کی قیادت والی حکومت کی جانب سے کئے گئے کاموں اور عوام کی بہبود سے متعلق کاموں کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے آیوشمان بھارت اور قومی راجدھانی دلّی میں پردھان منتری آواس یوجنا جیسی مختلف مرکزی اسکیموں کو مبینہ طور پر نافذ نہ کرنے کیلئے دلّی حکومت کی برسراقتدار عام آدمی پارٹی کو نشانہ بنایا اور مزید کہا کہ یہ عوام کی بنیادی صحت سے متعلق سہولیات، ہاؤسنگ اور دیگر سہولتوں کو نظر انداز کررہی ہے۔ انہوں نے دلّی حکومت پر الزام عائد کیا کہ وہ جے جے کالونیوں کے مفاد کے خلاف کام کررہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ دلّی جل بورڈ کو 45 ہزار کروڑ روپے کے نقصان کا سامنا ہے۔

جناب بدھوڑی نے کہا کہ مرکزی حکومت نے قومی راجدھانی میں غیر قانونی 1700 کالونیوں میں رہنے والے لوگوں کو مالکانہ حقوق فراہم کرنے کیلئے بھی اقدامات کئے ہیں۔ انہوں نے سڑکوں کی خراب حالت، فضائی آلودگی اور شہر میں عوامی ٹرانسپورٹ کی سہولیات میں مشکلات جیسے معاملات کو بھی اٹھایا۔ BJP کے رکن نے عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کجریوال پر دلّی کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے اپنی سرکاری رہائش گاہ پر بے پناہ خرچہ کرنے کا بھی الزام عائد کیا۔ بحث ابھی جاری ہے۔×

## PARLIAMENT KUMBH

آج اپوزیشن نے مہاکمبھ بھگدڑ واقعہ پر بحث کا مطالبہ کرتے ہوئے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے واک آؤٹ کیا۔
آج صبح جب لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو اپوزیشن پارٹیوں نے پریاگ راج میں مہاکمبھ میں مبینہ بدانتظامی پر نعرے بازی شروع کردی۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے اپنے خطاب میں مہاکمبھ کا ذکر کیا تھا اور ممبران شکریے کی تحریک پر بحث کے دوران اپنے نظریات پیش کرسکتے ہیں۔ انہوں نے ممبران سے ایوان کا وقار برقرار رکھنے کو کہا اور کارروائی چلنے دینے کی اپیل کی۔ تاہم کانگریس، ڈی ایم کے، سماجوادی پارٹی، ٹی ایم سی اور دیگر نے اپنا احتجاج جاری رکھا۔ شور وغل کے دوران ایوان میں وقفۂ سوالات کی کارروائی ہوئی، بعد میں اپوزیشن ممبران نے مختصر مدت کے لیے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ راجیہ سبھا میں آج جب صبح ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو اپوزیشن پارٹیوں نے نعرے بازی شروع کردی۔ صدرنشین جگدیپ دھنکھڑ نے مہاکمبھ واقعہ اور دیگر معاملات پر اپوزیشن پارٹیوں کے التواء کے نوٹس نامنظور کردیے۔ کانگریس، سماجوادی پارٹی، شیوسینا یو بی ٹی، آر جے ڈی اور دیگر نے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ تاہم شور وغل کے دوران ایوان میں وقفۂ صفر کی کارروائی ہوئی۔

## RS-CIVIL AVIATION

شہری ہوابازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو نے آج کہا ہے کہ نوئیڈا میں ایشیا کے سب سے بڑے جیور بین الاقوامی ہوائی اڈے سے مسلسل پروازوں کا سلسلہ اِس سال اپریل سے شروع ہوجائے گا۔ آج راجیہ سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ سب کچھ مقررہ مدت کے مطابق ہورہا ہے۔ بھارت کو دنیا میں شہری ہوابازی کا ایک سرکردہ بازار قرار دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ بھارتی شہری ہوابازی کے شعبے میں 800 جہاز خدمات انجام دے رہے ہیں اور بلارکاوٹ پروازوں کے لیے ایک ہنرمند افراد قوت کو تربیت فراہم کرنے کی خاطر اقدامات کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال ایک ہزار 600 کمرشل پائلٹ کو تربیت فراہم کی جاتی ہے اور ملک میں پروازوں کی تربیت دینے والے 54 ادارے سرگرم ہیں۔
وزیر موصوف نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ شہری ہوابازی کی وزارت اور اس سے متعلق ڈائریکٹوریٹ جنرل تکنیکی خرابی

کو کم سے کم کرنے اور سلامتی کے معاملات کے سلسلے میں پختہ اقدامات کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تکنیکی خرابی کے واقعات میں کمی آئی ہے، جو 2022 میں 723 تھے، اور اب کم ہوکر 2024 میں یہ 273 رہ گئے ہیں۔

**LS-TRIBHUVAN BILL**

آج لوک سبھا میں Tribhuvan سہکاری یونیورسٹی بل 2025 متعارف کیا گیا۔ اس بل میں رُورَل مینجمنٹ آنند کو Tribhuvan سہکاری یونیورسٹی کے طور پر قائم کرنے کی بات کہی گئی ہے اور اسے قومی اہمیت کے حامل اداروں میں سے ایک قرار دیا جائے گا۔ یہ ادارہ کوآپریٹو سیکٹر میں تکنیکی اور مینجمنٹ کی تعلیم اور تربیت فراہم کرے گا اور سہکار سے سمردھی کے نظریے کو حقیقت کی شکل دینے میں عالمی بہتری کے معیار کو حاصل کرنے کی خاطر کوآپریٹو تحقیق اور ترقی کو فروغ دے گا۔×

**DELHI-CAMPAIGN**

دلی اسمبلی انتخابات کی انتخابی مہم کا آج آخری دن ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما روڈ شو، گھر گھر جاکر رابطہ قائم کرنے کی مہم اور عوامی جلسوں کے ذریعہ اپنے امیدواروں کے حق میں حمایت حاصل کرنے کی ہر ممکن کوشش کررہے ہیں۔ بی جے پی کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج جنگ پورہ میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں جناب شاہ نے الزام لگایا کہ حکمراں عام آدمی پارٹی نے دلی کے عوام کو دھوکہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 10سال کے دور اقتدار میں اُس نے شہر کو صرف بدعنوانی، کوڑا کرکٹ اور آلودہ پانی دیا ہے۔

اِس دوران عام آدمی پارٹی کے سینئر لیڈر اور پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت مان نے آدرش نگر حلقے میں ایک روڈ شو کیا۔ پارٹی کے کنوینر اروند کجریوال بھی آج دوپہر ایک عوامی جلسہ اور روڈ شو کریں گے۔ وہیں دلی کانگریس کے سربراہ دیویندر یادو نے چناؤ جیتنے کے بارے میں اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی نے اپنے دور اقتدار میں لوگوں کی فلاح وبہبود کے لیے کام کیا ہے۔ جناب یادو نے کہا کہ 15 سال کے دور اقتدار میں 100یونٹ بجلی مفت دی گئی، بچوں کو اسکالر شپ فراہم کی گئیں اور بزرگوں کو پنشن کی دی گئیں۔ 70 رکنی دلی اسمبلی کے لیے کل 699 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ ووٹنگ بدھ کو ہوگی، جبکہ ووٹوں کی گنتی ہفتے کو کی جائے گی۔

**PM-STUDENT-INTERACTION**

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلی میں طلبا کے ساتھ بات چیت کی ہے۔ اپنے بات چیت کے دوران وزیر اعظم نے کہا کہ انہوں نے سنا کہ عام آدمی پارٹی کی حکومت جب تک امتحان پاس کرنے کی گارنٹی نہ ہو، بچوں کو نویں کلاس سے آگے بڑھنے سے روکتی ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ اِس کے پیچھے وجہ یہ ہے کہ اگر ایک طالب علم کا

رزلٹ خراب ہوتا ہے تو حکومت کی شبیہ پر اُس کا منفی اثر ہوگا۔

**EC-EXIT POLLS**

انتخابی کمیشن نے دلّی اسمبلی انتخاب، اترپردیش اور تمل ناڈو میں ضمنی انتخاب کی ایک ایک سیٹ کیلئے ووٹنگ کے دن صبح 7 بجے سے شام ساڑھے چھ بجے تک ایگزٹ پول پر پابندی عائد کردی ہے۔ ایک نوٹیفکیشن میں کمیشن نے سبھی میڈیا اداروں، جس میں ٹیلی ویژن چینلز، ریڈیو اسٹیشنز اور نیوز ایجنسیاں شامل ہیں، اس پابندی پر عمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ یہ پابندی 48 گھنٹے کی مدت سے لے کر ووٹنگ کے ختم ہونے تک، الیکٹرنک میڈیا پر کسی بھی طرح کے رائے عامہ کے جائزے یا سروے کے نتائج کے نشر کئے جانے پر بھی عائد ہوگی۔ دلّی اسمبلی انتخاب کیلئے ووٹنگ 5 فروری کو ہوگی، جبکہ ووٹوں کی گنتی 8 فروری کو کی جائے گی۔×

**KARNATAKA-ISRO-NVS**

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو نے بتایا ہے کہ کل NVS 02 سیارچے کو، مقررہ مدار میں پہنچانے کے عمل کے دوران تکنیکی خرابی آگئی۔ سوشل میڈیا کی اپنی پوسٹ میں خلائی ایجنسی نے مطلع کیا ہے کہ سیارچے کو اُس کے متعلقہ مدار میں پہنچانے کا عمل مکمل نہیں ہوپایا، کیونکہ خلائی راکٹ کے Valves کھل نہیں پائے۔ اس نے البتہ کہا ہے کہ کرناٹک کے ہاسن میں ماسٹر کنٹرول مرکز سیارچے کی نگرانی کررہا ہے اور اُس کے سبھی نظام ٹھیک سے کام کررہے ہیں۔ 29 جنوری کو جی ایس ایل وی-ایف15 راکٹ کے ذریعہ نیوی گیشن سیارچے NVS 02 کو کامیابی کے ساتھ خلا میں بھیجا گیا تھا۔

**MAHAKUMB-AMRIT SNAN**

آج پریاگ راج مہا کنبھ میں بست پنچمی کے موقع پر دن میں 12 بجے تک ایک کروڑ 25 لاکھ سے زیادہ عقیدت مند پوتر ڈبکی لگاچکے ہیں۔ مہا کنبھ کا تیسرا امرت اسنان جاری ہے اور لاکھوں عقیدت مند اب بھی سنگم میں پوتر ڈبکی لگانے کیلئے آرہے ہیں۔ آج صبح بڑی تعداد میں لوگوں نے گنگا آرتی میں شرکت کی۔ پہلے دو امرت اسنان، 14 جنوری مکر سکرانتی اور 29 جنوری مونی اماوسیہ کے موقع پر ہوئے تھے۔ مہاکنبھ میلہ، جو 13 جنوری کو شروع ہوا تھا، دنیا کے سب سے بڑے مذہبی اجتماعات کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا ہے اور پہلا امرت اسنان 14 جنوری مکر سکرانتی کے موقع پر ہوا تھا۔ 36 کروڑ سے زیادہ عقیدت مند اب تک پوتر ڈبکی لگاچکے ہیں۔×

## GRAMMY AWARDS

بھارت نژاد امریکی گلوکار اورEntrepreneure چندریکا ٹنڈن نے اپنی البم تریوینی کے لیے گریمی ایوارڈ جیتا ہے۔ اُنہیں Best New Age, Ambient اور Chant البم زمرے میں یہ ایوارڈ ملا ہے۔ 67 ویں گریمی ایوارڈ کا آغاز آج لاس انجلیس میں کرِپٹو ڈاٹ کوم ایرینا میں ہوا۔ میڈیا کی رپورٹس کے مطابق Beyonce کو سب سے زیادہ زمروں میں نامزد کیا گیا ہے اور گریمی تاریخ میں وہ سب سے زیادہ زمروں میں نامزد ہونے والی فنکار بن گئی ہیں۔ ×

## J&K-WEATHER

جموں وکشمیر میں موسمیات کے محکمے نے مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے زیادہ تر حصوں میں 10 فروری تک رُک رُک کر بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ آج عام طور پر مطلع ابر آلود رہنے کا امکان ہے اور ساتھ ہی شام سے لے کر رات تک بلند بالا مقامات پر ہلکی بارش اور برفباری کے ساتھ آسمان ابر آلود رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مزید کہا ہے کہ چار اور پانچ فروری کے بیچ ہلکی اور اوسط بارش نیز برفباری کے ساتھ عام طور پر گھٹا چھائے رہنے کا امکان ہے۔×

## CANADA-MAXICO TARRIFFS

کینیڈا اور میکسکو نے بھی امریکی اشیاء کی درآمدات پر محصولات عائد کرنے کا حکم دیا ہے۔ ایسا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے کینیڈا، میکسیکو اور چین کی درآمدات پر محصولات عائد کئے جانے کے حکم کے بعد ہوا ہے۔ کینیڈا نے شروعات میں 25 فیصد محصولات کے ساتھ امریکہ سے درآمد ہونے والی اشیاء پر 30 بلین امریکی ڈالر کا نشانہ طے کیا ہے۔ ان پابندیوں کا اطلاق کل سے ہوگا۔ ایک دوسری فہرست جلد ہی منظرعام پر آئے گی اور لوگوں کے ساتھ صلاح ومشورہ کے بعد اسے نافذ کیا جائے گا۔ اس میں مسافر گاڑیاں، ٹرکس، اسٹیل اور ایلومنیم کی اشیاء، مخصوص پھل اور سبزیاں، بیف، Pork، ڈیری مصنوعات اور دیگر اشیاء شامل ہے۔

میکسیکو نے اعلان کیا ہے کہ وہ قیمت اور اشیاء کا تذکرہ کئے بغیر ہی اس کے جواب میں محصولات عائد کرے گا۔ کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو اور میکسکو کی صدر Claudia Sheinbaum نے ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے کینیڈا اور میکسکو کی اشیاء پر 25 فیصد اور چین کی درآمدات پر 10 فیصد محصول عائد کئے جانے کے بعد، ہفتے کے روز فون پر بات کی تھی۔ کینیڈا کے وزیراعظم کے دفتر کے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ کینیڈا اور میکسکو نے مضبوط باہمی تعلقات کو وسعت دینے سے اتفاق کرلیا ہے۔×

## U'KHAND NATIONAL GAMES

اتراکھنڈ میں جاری 38 ویں قومی کھیلوں میں کرناٹک کے 15 سالہ Jonathan Gavin Antony نے سینئر قومی کھلاڑیوں کو پیچھے چھوڑتے ہوئے مردوں کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ انٹونی نے 240 اعشاریہ سات پوائنٹس حاصل کئے، جبکہ سروسز کے رویندر سنگھ نے 240 اعشاریہ تین پوائنٹس کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ سروسز کے ایک اور نشانے باز گُرپریت سنگھ نے 220 اعشاریہ ایک پوائنٹس کے ساتھ کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔

اولمپک میں تمغہ حاصل کرنے والے سربجوت سنگھ، جو ہریانہ کی نمائندگی کررہے ہیں، چوتھا مقام حاصل کیا۔ فی الحال سروسز پوائنٹس کی فہرست میں سونے کے 17، چاندی کے 10 اور کانسے کے 8 تمغوں کے ساتھ سرفہرست ہے۔ جبکہ اتراکھنڈ میں مختلف مقامات پر کھیلے جارہے قومی کھیلوں میں کرناٹک سونے کے 17، چاندی کے 9 اور کانسے کے 9 تمغوں کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔ مہاراشٹر سونے کے 13، چاندی کے 23 اور کانسے کے 16 تمغوں کے ساتھ تیسری پوزیشن پر ہے۔×

## J&K SPORTS

اتراکھنڈ میں جاری 38ویں قومی کھیلوں میں جموں وکشمیر کی Wushu ٹیم نے مردوں کے Sanda مقابلے میں دوسرا مقام حاصل کیا ہے۔ اب تک کھیلے گئے میچوں میں جموں وکشمیر نے سونے کے 2، چاندی کا ایک اور کانسے کے 4 تمغے حاصل کئے ہیں۔ سونے کے تمغے سوریہ بھانو پرتاپ سنگھ اور محمد کامران نے حاصل کئے، جبکہ Ayeer Chisti نے چاندی کا تمغہ اپنے نام کیا۔ سوریہ بھانو پرتاپ نے فائنل مقابلے میں منی پور کے کھلاڑی کو 60 کلوگرام کے زمرے میں جب کہ محمد کامران نے سروس اسپورٹس کنٹرول بورڈ کو 90 سے زائد کلوگرام کے زمرے میں شکست دی۔ کھیلوں کی کونسل کی سکریٹری محترمہ نزہت گُل نے سبھی تمغہ حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کو مبارکباد دی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆